मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی' حیدرآباد 032 500۔تلنگانہ
فون:۔040-23006606' 23006612-15 (104)' فیکس:23006606' ای میل:۔manuupro1@yahoo.com' ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

Press Release
پریس ریلیز

26/جون2018

اُردو یونیورسٹی میں محکمہ پولیس میں داخلے کیلئے مفت کوچنگ

حیدرآباد، 26/جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی' یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کوچنگ سنٹر اقلیتی طلبہ برائے حصول ملازمت میں محکمہ پولیس، تلنگانہ میں کانسٹبل، اے ایس آئی، ایس آئی کی جائیدادوں پر تقرر کے تحریری امتحانات میں شرکت کے خواہشمند اقلیتی طلبہ کیلئے دو ماہ کی مفت کوچنگ فراہم کی جارہی ہے۔

ڈاکٹر ایس مقبول احمد' کوآرڈنیٹر' سنٹر کے بموجب ماہ جولائی میں کوچنگ کا اہتمام کیا جارہا ہے۔امیدوار یونیورسٹی ویب سائٹ www.manuu.ac.in پر آن لائن درخواست داخل کرسکتے ہیں۔آن لائن درخواست کی آخری تاریخ 30/جون 2018 ہے۔درخواست گزار کے لیے ضروری ہے کہ وہ آن لائن درخوسات فارم کا پرنٹ آؤٹ، 100 روپئے کے ڈیمانڈ ڈرافٹ کے ساتھ جو' 'مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی' ' کے نام سے حاصل کیا گیا ہو اور حیدرآباد میں قابل ادا ہو، شخصی یا بذریعہ ڈاک 5/جولائی تک یونیورسٹی میں درج ذیل پتہ پر جمع کرائیں۔

کوآرڈینیٹر، کوچنگ سنٹر فار مائناریٹیز فار انٹری انٹو سرویس (سی سی ایم ای ایس-یو جی سی اسکیمس)، شعبۂ نباتیات، کمرہ نمبر 207، دوسری منزل، پالی ٹیکنیک بلڈنگ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، گچی باؤلی، حیدرآباد، 500032۔مزید تفصیلات 9700413654 اور 8367527769 سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

مانو آئی ٹی آئی میں داخلے۔30 جون آخری تاریخ

حیدرآباد، 26/جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے انڈسٹریل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (آئی ٹی آئی)، حیدرآباد میں داخلے جاری ہیں۔

ڈاکٹر عرشیہ اعظم، پرنسپل آئی ٹی آئی کے بموجب ڈرافٹسمین سیول، ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ، الیکٹریکل، الیکٹرانک میکانک اور پلمبنگ جیسے روزگار پر مبنی کورسز میں داخلے کے لیے درخواست فارمس مانو آئی ٹی آئی حیدرآباد، یونیورسٹی کیمپس، گچی باؤلی، حیدرآباد سے مفت حاصل کیے جاسکتے ہیں یا ویب سائٹ www.manuu.ac.in سے بھی ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔پُر کردہ درخواست فارم مانو آئی ٹی آئی حیدرآباد میں جمع کرنے کی آخری تاریخ 30/جون 2018 ہے۔

تمام درخواست گذاروں کا 10 ویں جماعت میں اردو کا بطور مضمون/زبان/میڈیم کے ساتھ کامیاب ہونا لازمی ہے۔تمام ٹریڈس پروگرامس کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔داخلہ میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔مذکورہ تمام پروگرامس کے لیے کوئی فیس نہیں لی جائے گی۔البتہ قابل واپسی احتیاطی رقم -/60 روپئے داخلہ کے وقت ادا کرنی ہوگی۔ حکومت ہند کے قواعد کے مطابق ریزرویشن پالیسی کا اطلاق ہوگا۔**مزید تفصیلات** دفتر آئی ٹی آئی، مانو کیمپس سے فون نمبر :040-23008413-14 یا ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر